ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (231)

مورخہ 19/04/2023

**بہاولپور(          )پولیس کا عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 08 ملزمان گرفتار۔175 لیٹر دیسی شراب ولہن 70 لیٹر معہ چالو بھٹی،01 کلوگرام سے زائد چرس اور 205 کلوگرام سے زائد بھنگ برآمد،عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور شراب برآمد کر لی۔تھانہ سول لائنز،صدر احمد پور شرقیہ،سٹی یزمان،صدر حاصلپور اور قائمپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 05 ملزمان عرفان مسیح،محمد حیات،تنویر احمد،محمد فیصل اور مجاہد شاہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 175 لیٹر دیسی شراب ولہن 70 لیٹر معہ چالو بھٹی برآمد کرلیا۔تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 01 ملزم شعیب حسن ببر کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ  دھوڑکوٹ پولیس نے 02 ملزمان محمد عامر وغیرہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 205 کلو 120 گرام بھنگ کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا عیدالفطر کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔مختلف مقدمات میں 08 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(232)

مورخہ 19/04/2023

**بہاولپور ( ) ڈی پی او سید محمد عباس کی پریکٹیکل پولیسنگ کے حوالے سے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس نے چوری شدہ 7 موٹر سائیکل و نقدی برآمد کیے۔فدا گینگ کے 02 ملزمان گرفتار،ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت واپس کروایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب، آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس پریکٹیکل ورک پر زور دیا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے احکامات جاری کیے اور مثبت اقدامات اٹھائے۔اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے تھانہ سول لائنز پولیس نے فدا گینگ کے 02 ملزمان کو گرفتار کر لیے۔دونوں ملزمان سے علاقہ تھانہ سول لائنز کے مختلف مقدمات میں چوری شدہ 7 عدد موٹر سائیکل برآمد لیے۔اس کے ساتھ ساتھ 60 ہزار روپے نقدی، 2 عدد پسٹل 30 بور اور چوری شدہ 3 عدد موبائل فون بھی برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان میں فدا حسین اور محمد اسماعیل شامل ہیں گرفتار ملزمان تھانہ سول لائنز کے مختلف علاقوں میں وارداتوں میں ملوث تھے۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاولپور پولیس بھرپور کوشش کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنارہی ہے کہ عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت مالکان تک پہنچایا جائے تاکہ شہر میں امن کی فضا برقرار رہے اور عوام کا پولیس پر اعتماد قائم رہے۔مستقبل میں ایسی مزید کارروائیاں کی جا کر جرائم پیشہ افراد کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کاروائی،فدا گینگ کے دو کارندے گرفتار**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(233)

19-04-2023

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر عیدالفطر کی مناسبت سے سیکیورٹی پلان جاری۔ اجتماعات سمیت تفریحی مقامات پر سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار اپنے فرائض سرانجام دیں گے، پرامن بہاولپور ویژن کے تحت تمام شہریوں کے جان و مال کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عیدالفطر کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے گئے۔جامع سیکیورٹی پلان جاری کیا گیا۔عیدالفطر کے موقع پر ضلع بہاولپور میں کل 414 عید نماز کے اجتماعات ہوں گے۔1200 سے زائد پولیس افسران و اہلکار اپنے فرائض سرانجام دیں گے،جن میں ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز، دیگر افسران اور جوان شامل ہیں۔اس کے علاوہ ڈولفن فورس، ایلیٹ فورس اور ایگل اسکواڈ گردونواح میں گشت پر موجود رہیں گے۔چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا جائے گا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر ماموار افسران و اہلکاروں کو وقفہ وقفہ سے چیک کریں گے۔تفریحی مقامات و پارکس وغیرہ پر بھی سیکیورٹی کے سخت کے انتظامات کیے گئے ہیں۔سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن کے ساتھ ساتھ شرکا کی جامعہ تلاشی بھی کی جائے گی۔اردگرد ماحول اور مشکوک افراد کی نگرانی پر بھی اہلکار مامور ہوں گے۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں گے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان برقرار رکھنے اور پرامن بہاولپور کے ویژن کے تحت سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**